خبروں کا اعلامیہ

# افراطِ زر سے سہولت حاصل کرنے کا راستہ (انفلیشن ریلیف پورٹل ) اور ادائیگیاں جلد آرہی ہیں

09جنوری، 2023

## خاندانوں، بزرگوں، اور کمزور البرٹنز کے لیے ماہانہ100 ڈالرقابل استطاعت ادائیگیاں جلد ہی جاری کی جائیں گی، اور تیار ہونے کے لیے البرٹنس ابھی کارروائی کر سکتے ہیں۔

البرٹا کی معیشت مضبوطی سے بحال ہوئی ہے، لیکن بہت سے لوگ اپنے گھروں کو گرم کرنے اور اپنے خاندانوں کا پیٹ پالنے کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں۔ البرٹا کی حکومت نے کینیڈا میں مہنگائی کے سب سے بڑے ریلیف پیکج کے ساتھ جواب دیا ہے، جس میں نمایاں وسیع البنیاد اور ہدفی امداد شامل ہیں ۔ اس مہینے سے، البرٹنز کے لیے چھ ماہ کی قابل استطاعت ادائیگیاں، ایک ایپلیکیشن اور تقسیم کاری کے سسٹم کے ذریعے شروع ہو جائیں گی جو تیز، موثر اور محفوظ ہے۔

18جنوری سے، 65 یا اس سے زیادہ عمر کے بزرگ جو البرٹا سینئرز بینیفٹ (Alberta Seniors Benefit) حاصل نہیں کر رہے ہیں اور 18 سال سے کم عمر کے بچوں کے اہل والدین آن لائن سرکاری پورٹل کے ذریعے یا صوبے بھر کے مختلف مقامات پر ماہانہ 600 ڈالر کی قابل استطاعت ادائیگیوں کے لیے آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔

پورٹل استعمال کرنے کے لیے, اہل والدین اور بزرگوں کے پاس تصدیق شدہ اکاؤنٹ (Verified Account) ہونا ضروری ہوگا۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ درخواست کا عمل ہر ممکن حد تک ہموار ہو، البرٹنز کو جلد از جلد اپنے تصدیق شدہ اکاؤنٹ (Verified Account)کے لیے سائن اپ کرنا چاہیے یا اس بات کی تصدیق کرنی چاہیے کہ ان کے پاس ایک موجودہ تصدیق شدہ اکاؤنٹ (Verified Account) ہے جس میں درست معلومات موجود ہیں۔

یہ ہدفی امدادی ادائیگیاں حاصل کرنے والے بہت سے البرٹنز خود بخود پروگرام کے لیے اندراج ہو جاتے ہیں اور انہیں فائدہ حاصل کرنے کے لیے درخواست دینے کی ضرورت نہیں ہے۔

31جنوری سے ، فوسٹراینڈ کنشپ کیئر گیورز (Foster and Kinship Caregivers) کے ساتھ ساتھ، فی الحال کوئی بھی شخص جو اشیورڈ انکم برائے شدید معذور (اے آئی ایس ایچ) (Assured Income for the Severely Handicapped (AISH)، انکم سپورٹ(Income Support) یا البرٹا سینئرز بینیفٹ (Alberta Seniors Benefit) کے ذریعے باقاعدگی سے ماہانہ فوائد حاصل کر رہا ہے، یا پرسنز ود ڈیویلپمنٹ ڈس

ایبلیٹیز(پی ڈی ڈی) ((Persons with Developmental Disabilities (PDD) پروگرام کے ذریعے خدمات حاصل کر رہا ہے، وہ خود بخود اپنی پہلی ادائیگی وصول کر لے گا۔

## اے آئی ایس ایچ (AISH)، انکم سپورٹ (Income Support) اور پی ڈی ڈی (PDD) کلائنٹس کے لیے قابل برداشت ادائیگی

اے آئی ایس ایچ (AISH) ، انکم سپورٹ(Income Support) یا پی ڈی ڈی (PDD) تک رسائی حاصل کرنے والے تمام کلائنٹس پروگرام میں خود بخود اندراج ہو جاتے ہیں اور انہیں اپنے فوائد حاصل کرنے کے لیے سائن اپ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ وہ 100 ڈالر کی اپنی پہلی ادائیگیاں 31 جنوری سے وصول کریں گے۔

- ادائیگیاں اسی طرح کی جائیں گی جیسے کلائنٹ کے باقاعدہ ماہانہ فوائد کے لیے کی جاتی ہیں، خواہ خودکار ڈپازٹ کے ذریعے ہو یا فزیکل چیک کے ذریعے۔
- ادائیگیاں موجودہ پی ڈی ڈی (PDD) کلائنٹس کے لیے فزیکل چیک کے ذریعے کی جائیں گی جو اے آئی ایس ایچ (AISH)یا انکم سپورٹ (Income Support)کے فوائد حاصل نہیں کر رہے ہیں۔
- فائدہ اٹھانے والوں کو ادائیگی کے پروگرام میں ان کے اندراج اور متعلقہ معلومات کے بارے میں بھی براہ راست مطلع کیا جائے گا۔
- ان ادائیگیوں کو اے آئی ایس ایچ (AISH)اور انکم سپورٹ(Income Support) پروگراموں کے ذریعے مستثنیٰ آمدنی سمجھا جائے گا اور اس سے اہلیت یا مالی فوائد پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔
- ان پروگراموں میں 18سال سے کم عمر کے بچوں کے والدین فی بچہ اضافی ادائیگیوں میں600 ڈالربھی وصول کر سکتے ہیں۔ انہیں 18 جنوری سے ان ادائیگیوں کے لیے آن لائن یا شخصی طور پر موجود ہو کر (ان پرسن) درخواست دینے کی ضرورت ہوگی۔

## بزرگوں کے لیے قابل استطاعت ادائیگیاں

180,000 ڈالرسے کم گھریلو آمدنی والے 65 یا اس سے زیادہ عمر کے تمام البرٹنز جلد ہی قابل استطاعت ادائیگیوں میں چھ ماہ کے دوران ماہانہ 600 ڈالرکے اہل ہوں گے۔

البرٹا سینئرز بینیفٹ حاصل کرنے والے البرٹنز خود بخود پروگرام میں اندراج ہو جاتے ہیں اور انہیں اپنے فوائد حاصل کرنے کے لیے سائن اپ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اضافی ماہانہ ادائیگیوں کی تقسیم کاری 31 جنوری سے شروع ہوگی۔

اہل بزرگ جو البرٹا سینئرز بینیفٹ حاصل نہیں کر رہے ہیں انہیں اپنا تصدیق شدہ اکاؤنٹ (Verified Account) بنا کر یا اس کی تصدیق کرکے اور فوائد کے لیے آن لائن پورٹل کے ذریعے یا رجسٹری آفس میں شخصی طور پر(ان پرسن) یا البرٹا سپورٹ کے ذریعے درخواست دینے کی ضرورت ہوگی، جب پورٹل 18 جنوری کو کھلے گا۔

## 18سال سے کم عمر کےبچوں کی دیکھ بھال کرنے والے والدین یا سرپرستوں کے لیے قابل استطاعت ادائیگیاں

سالانہ 180,000 ڈالرسے کم گھریلو آمدنی والے خاندان جلد ہی 18 سال سے کم عمر کے ہر منحصر بچے کے لیے ، چھ ماہ کے دوران کل 600 ڈالروصول کریں گے۔ اہل والدین اپنا تصدیق شدہ اکاؤنٹ (Verified Account) بنا کر یا اس کی تصدیق کرکے اور 18 جنوری کو پورٹل کھلنے پر آن لائن پورٹل کے ذریعے یاشخصی طور پر (ان پرسن) رجسٹری آفس یا البرٹا سپورٹس کے ذریعے فوائد کے لیے درخواست دے کر قابل استطاعت ادائیگیوں کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

## 18سال سے کم عمر کے بچوں کی دیکھ بھال کرنے والے رضاعی نگہداشت کرنے والوں کے لیے اور رشتہ دارجو کہ نگہداشت کرنے والے ہیں ، ان کے لیے قابل استطاعت ادائیگی

18سال سے کم عمر کے بچے کی دیکھ بھال کرنے والے اہل رشتہ دار یا رضاعی نگہداشت کرنے والے پروگرام میں خود بخود اندراج ہو جاتے ہیں اور انہیں اپنی قابلاستطاعت ادائیگیاں حاصل کرنے کے لیے سائن اپ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ وہ جنوری کے آخر میں اپنی پہلی ادائیگیاں وصول کریں گے۔

- ادائیگیاں اسی طرح کی جائیں گی جیسے باقاعدہ ماہانہ فوائد کے لیےکی جاتی ہیں، خواہ خودکار جمع یا فزیکل چیک کے ذریعے ہو
- ماہانہ ادائیگیاں 31 جنوری سے شروع کی جائیں گی۔

البرٹا کی حکومت زندگی گزارنے کے ضروری اخراجات اور افراطِ زر سے سہولت (انفلیشن رلیف) فراہم کر رہی ہے جبکہ طویل مدتی استطاعت کے لیے بھی کام کر رہی ہے۔ البرٹنز آن لائن تمام وسیع البنیاد اور ہدف شدہ قابلاستطاعت ریلیف پروگراموں کے بارے میں مزید جان سکتے ہیں۔

## فوری حقائق :

- البرٹا کی حکومت آمدنی کی بنیاد پر اہلیت کی تصدیق کے لیے CRA 2021 ٹیکس ڈیٹا استعمال کرے گی۔
- جب کوئی شخص پچھلے مہینوں کی ادائیگیونکا اہل تھا ،تو ان ادائگیو ں کوشامل کر کے ، درخواستیں 30 جون تک جمع کرائی جا سکتی ہیں ۔
- ایک مرتبہ درخواست کا عمل کامیابی سے مکمل ہونے کے بعد، زیادہ تر البرٹنز اس مہینے کے آخر میں ادائیگیاں وصول کریں گے۔ درست وقت ہر فرد کے حساب سےمختلف ہوگا۔
- البرٹا کے پاس 2015 سے تصدیق شدہ اکاؤنٹس ہیں جن کے ذریعہ البرٹنز محفوظ اور مستحکم طریقے سے سرکاری خدمات کی بڑھتی ہوئی تعداد تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔
- تمام آن لائن اکاؤنٹس کی طرح، البرٹنزکو مضبوط پاس ورڈ استعمال کرنے چاہئیں اور اپنے پاس ورڈ کا اشتراک کسی اور کے ساتھ نہیں کرنا چاہیے۔ ایک مضبوط پاس ورڈ بنانے کے طریقے کے بارے میں تجاویز گورنمنٹ آف البرٹا کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔
- البرٹا کی حکومت البرٹا کے باشندوں کو ادائیگیاں وصول کرنے کے لیے ذاتی یا بینکنگ معلومات جمع کرانے کے لیے ٹیکسٹس یا ای میلز نہیں بھیجے گی۔

اضافی معلومات، بشمول ایک ویڈیو اور سوالات کے جوابات، alberta.ca/affordable پر دستیاب ہے۔

## متعلقہ معلومات

- قابل استطاعت ادائیگیاں
- سائن اپ کریں یا اپنے تصدیق شدہ اکاؤنٹ کی حیثیت کو چیک کریں
- قابل استطاعت ایکشن پلان

## ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرنس دیکھیں
- ویڈیو: اپنی قابل استطاعت ادائیگیوں کے لیے درخواست کیسے دیں